نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت کسان کارڈ کی رجسٹریشن اور اجراء سے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور:10 جولائی2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں کسان کارڈ کی پیشرفت کے سلسلہ میں جائزہ اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن کا عمل "پہلے آیئے پہلے پایئے" کی بنیاد پر جاری ہے۔وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کے لیے اب تک 2 لاکھ 75 ہزار کاشتکار رجسٹریشن کرا چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ رجسٹریشن کے عمل میں تیزی دیکھی جارہی ہے کاشتکاروں کی بڑی تعداد کسان کارڈ کے حصول کے لیے روزانہ کی بنیاد پر رجسٹریشن کرا رہی ہے۔کسان کارڈ کی فراہمی کے لیے ایک لاکھ کاشتکاروں کی تصدیق کا عمل مکمل ہو چکا ہے اور 2 لاکھ 50 ہزار کسان کارڈز کی مینوفیکچرنگ کا عمل حتمی مرحلہ میں داخل ہو چکا ہے-انہوں نے مزید کہا کہ 10 اگست سے وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ بینک اف پنجاب کی متعلقہ شاخوں میں دستیاب ہوں گے اور 15 اکتوبر سے کاشتکار وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ سے کھاد، بیج اور پیسٹی سائیڈ خرید سکیں گے- سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کے ذریعے 1 لاکھ 50 ہزار روپے تک بلا سود آسان قرضہ کی سہولت میسر ہو گی-اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت پنجاب شہنشاہ فیصل عظیم،ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید،ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلیٰ افسران شریک ہوئے

☆☆☆☆